باعث بھی ہوتی ہے۔

# THE DISTRICT JUDICIARY Dir Lower

Phone: 0945-920063 Fax: 0945-920025 Email:scjmtmc@gmail.com

## خالی آسامیاں (2026)

ضلعی عدلیہ دیر پائین میں زیر دستخطی کو مندرجہ ذیل آسامیوں پر بھرتی کیلئے ضلع دیر پائین کے مستقل سکونت پذیر اور ڈومیسائل رکھنے والے اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی معہ سکیل | کل تعداد آسامی | کوٹہ تفصیل | عمر کی حد (سال) | مطلوبہ تعلیمی قابلیت و تجربہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 1 | پراسس سرور (BPS-05) | 6 | اوپن میرٹ: 3<br>مختص کوٹہ برائے خواتین: 2<br>مختص کوٹہ برائے اقلیت: 1 | 18 تا 35 | میٹرک |

**شرائط و ضوابط** (1) امیدواروں کو فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر عارضی طور پر ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ تاہم ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو بعد از اں اہلیت کے معیار کے مطابق تفصیلی جانچ پڑتال متعلقہ تقرری اتھارٹی کی جانب سے کی جائے گی۔ اور اگر کسی بھی مرحلے پر کوئی امیدوار کسی بھی لحاظ سے نااہل پایا گیا تو اس کی تقرری اتھارٹی کی جانب سے نااہل قرار دیا جائے گا۔ (2) تمام امیدواروں کیلئے لازم ہوگا کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ پر اپنا پروفائل بنائیں۔ پروفائل بنانے کے بعد اور کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینے / فیس جمع کروانے سے قبل امیدوار ETEA کی ویب سائٹ سے E-Sahulat ٹوکن پرنٹ کرینگے اور اپنا شناختی کارڈ نمبر کسی بھی NADRA E-Sahulat فرنچائز (کیاسک) سے تصدیق کروائیں گے۔ اس تصدیق کے بغیر کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینا ممکن نہیں ہوگا۔ (3) کم عمر، زائد العمر اور دوسرے اضلاع کے خواتین و حضرات درخواست جمع کرانے کی زحمت نہ کریں۔ (4) عمر کی حد درخواست دینے کی آخری تاریخ تک تصور کی جائے گی، تاہم عمر کی بالائی حد میں توسیع مروجہ قواعد کے مطابق دی جائے گی۔ (5) مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونیوالی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ نامکمل درخواستیں یا جعلی دستاویزات / غلط معلومات کیساتھ جمع کروائی گئی درخواستیں کسی بھی مرحلے پر مسترد کر دی جائیں گی۔ (6) انٹرویو کے دن اصل اسناد کا پیش کرنا لازمی ہے، سرکاری / نیم سرکاری اداروں میں کام کرنیوالے امیدوار متعلقہ ادارے کے ذریعے درخواست دینگے اور تقرری سے قبل متعلقہ اتھارٹی سے NOC فراہم کریں گے۔ (7) مجاز اتھارٹی کو آسامیوں کی تعداد میں معقول وجہ کیساتھ اضافہ یا کمی کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ (8) غیر ملکی ڈگری کی صورت میں HEC سے ایکویلنسی سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ (9) بعد از تعیناتی تنخواہ اور دیگر الاؤنس قانون کے مطابق دیئے جائیں گے۔ (10) ٹیسٹ / انٹرویو کیلئے کسی قسم کا سفری یا یومیہ الاؤنس (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔

**درخواست دینے کا طریقہ کار** (1) دلچسپی رکھنے والے امیدوار سب سے پہلے www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست دیں۔ (2) آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک مخصوص ڈپازٹ سلپ (جس میں ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی) جاری کی جائیگی۔ (3) اس ڈپازٹ سلپ کا پرنٹ نکال کر مقررہ ٹیسٹ فیس (ناقابل واپسی) EasyPaisa ایپ / ایجنٹ یا UBL بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔ (4) فیس جمع کروانے کے بعد بینک کی مہر شدہ اصل ڈپازٹ سلپ (امیدوار کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اسے کسی کیساتھ شیئر نہ کریں۔ (5) آن لائن درخواست دینے کے بعد ابتدائی طور پر دستاویزات ETEA دفتر نہ بھیجیں۔ تاہم سکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونیوالے امیدواران سے ضرورت کے وقت دستاویزات طلب کی جائینگی۔ (6) آن لائن درخواست فارم مورخہ 15/09/2026 کو www.etea.edu.pk پر دستیاب ہوگا۔ (7) آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15/10/2026 ہے۔ (8) امیدواروں کو ETEA کی جانب سے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ www.etea.edu.pk سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں، نیز امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پورٹڈ / کنورٹڈ / بلاک شدہ موبائل نمبر فراہم نہ کریں۔ (9) ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام رول نمبر سلپ پر درج ہوگا۔ (10) سکریننگ ٹیسٹ کیلئے کوئی علیحدہ کال لیٹر بذریعہ ڈاک یا کوریئر جاری نہیں کیا جائے گا۔

**(عامر علی آفریدی) سینئر سول جج (ایڈمن) / اعلیٰ علاقہ قاضی ضلع دیر پائین**

CamScanner